**AQF / Fazil**

**27-12-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ............................... آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کا نئی دلّی میں انتقال ہو گیا ہے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اُن کے انتقال پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

3- حکومت نے 7 دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اُن کی آخری رسوم پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔

4- امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے ایسے بیج تیار کرنے پر زور دیا ہے، جس میں پانی اور کھادوں کی کم ضرورت ہو۔

5- بھارتی ریزرو بینک نے کہا ہے کہ بھارتی بینکوں کے منافع میں لگاتار چھٹے سال اضافہ ہوا ہے۔ مُنجمد اثاثے NPA کی مقدار گزشتہ 13 سال میں سب سے کم ہے۔

6- اور کرکٹ میں، میلبرن کے مقام پر بارڈر-گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن آسٹریلیا کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 474 رن بنا کر آوٹ ہوگئی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**MANMOHAN SINGH**

سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کا کل رات نئی دلّی میں انتقال ہو گیا۔ وہ 92 سال کے تھے۔ ڈاکٹر سنگھ نے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس، دلّی میں آخری سانس لی۔ انہیں نازک حالت میں کل رات 8 بجے کے قریب ایمس کے ایمرجنسی وارڈ میں داخل کرایا گیا تھا۔ سابق وزیر اعظم کل شام گھر میں اچانک بے ہوش ہو گئے تھے۔

ایمس کے ایک بلیٹن میں کہا گیا ہے کہ تمام تر کوششوں کے باوجود اُن کی حالت میں بہتری نہیں آ سکی اور رات 9

بجکر 51 منٹ پر انہیں مردہ قرار دے دیا گیا۔ ڈاکٹر سنگھ کی صحت پچھلے کچھ مہینوں سے خراب تھی۔ ان کے پسماندگان میں ان کی اہلیہ گُرشرن کور اور تین بیٹیاں ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ کو 1991 میں معاشی اصلاحات کا معمار سمجھا جاتا ہے، جو اس وقت کے وزیر اعظم پی وی نرسمہا راؤ کے دور حکومت میں وزیر خزانہ تھے۔

انہوں نے ملک میں معاشی لبرلائزیشن کے دور کا آغاز کیا۔ ڈاکٹر منموہن سنگھ 2004 سے 2014 تک کانگریس کی قیادت والی UPA حکومت میں دو بار ملک کے تیرہویں وزیر اعظم رہے۔ وہ 33 سال تک اپنی خدمات انجام دینے کے بعد اس سال اپریل میں راجیہ سبھا سے سبکدوش ہوئے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Anupam Mishra**

*ڈاکٹر منموہن سنگھ 26 ستمبر 1932 کو غیر منقسم بھارت کے صوبہ پنجاب کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ وہ 2004 سے 2014 تک بھارت کے وزیراعظم رہے۔ آکسفورڈ سے معاشیات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد کچھ عرصے تک اقوام متحدہ میں اپنی خدمات انجام دیں۔ 1971 میں حکومت ہند کی کامرس کی وزارت میں اقتصادی مشیر بنے۔ انہوں نے وزارت خزانہ میں اعلیٰ اقتصادی مشیر، پلاننگ کمیشن کے نائب چیئرمین، ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر، وزیراعظم کے مشیر اور یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کے چیئرمین کے طور پر بھی خدمات انجام دی ہیں۔ وہ 1991 سے 1996 تک مرکزی وزیر خزانہ رہے اور انہوں نے اقتصادی اصلاحات کی جامع پالیسی تشکیل دی۔ ڈاکٹر سنگھ 1991 سے 2024 تک راجیہ سبھا کے رکن رہے۔ وزیراعظم کے طور پر اُن کے اہم فیصلوں میں مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ، رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ اور نیشنل فوڈ سکیورٹی ایکٹ شامل ہیں۔*

*دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**MANMOHAN CONDOLENCE**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ڈاکٹر سنگھ ان نایاب سیاست دانوں میں سے ایک تھے، جنہوں نے تعلیم اور انتظامیہ دونوں شعبوں میں نہایت آسانی کے ساتھ اپنی منفرد شناخت قائم کی۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے اپنے پیغام میں سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کو ایک ممتاز ماہر معاشیات قرار دیا، جنہوں نے بھارت کے اقتصادی منظرنامے کو بدل کر رکھ دیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں کہا کہ بھارت اپنے سب سے زیادہ ممتاز رہنماؤں میں سے ایک کے انتقال پر بیحد سوگوار ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹ میں ڈاکٹر سنگھ کی بصیرت افروز خیالات اور وزیر اعظم کے طور پر اپنے دور حکومت میں لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لئے ان کی وسیع

کوششوں کی بھی تعریف کی۔

اپنے تعزیتی پیغام میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ نے **RBI** کے گورنر سے لے کر وزیر خزانہ اور وزیر اعظم تک ملک کی حکمرانی میں اہم کردار ادا کیا۔ اپنے پیغام میں، مرکزی وزیر اور بی جے پی کے صدر جے پی نڈا نے کہا کہ ڈاکٹر سنگھ کی قیادت نے پارٹی سے قطع نظر تعریف اور احترام حاصل کیا اور ان کی وراثت ملک کی تعمیر کے لیے آئندہ نسلوں کو تحریک دیتی رہے گی۔

مرکزی وزیر اطلاعات و نشریات اشونی وشنو نے ڈاکٹر سنگھ کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا اور کہا کہ ڈاکٹر سنگھ کی قیادت، عاجزی اور لگن کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ ملک ایک دور اندیش سیاستداں، غیر معمولی رہنما اور بے مثال ماہر معاشیات سے محروم ہو گیا ہے۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے اپنے پیغام میں کہا کہ ڈاکٹر سنگھ نے بے پناہ دانشمندی اور دیانتداری کے ساتھ ملک کی قیادت کی۔ اپنے تعزیتی پیغام میں بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے ڈاکٹر سنگھ کے انتقال کو ملک کی سیاست کے لیے ناقابل تلافی نقصان قرار دیا۔ ×

## NATIONAL MORNING

سرکار نے، سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن کے اعزاز میں **7** دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اس مدّت کے دوران ملک بھر میں قومی پرچم سرنگوں رہے گا اور سرکاری طور پر کوئی بھی تفریحی پروگرام منعقد نہیں ہوگا۔ اُن کی آخری رسوم پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔ اُن کی آخری رسوم ادا کیے جانے کے دن بیرونِ ملک واقع تمام بھارتی مشنوں اور ہائی کمیشن میں بھی قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔ سابق وزیر اعظم ڈاکٹر سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے مرکزی کابینہ کی ایک میٹنگ آج منعقد کی جائے گی۔×

## AMIT SHAH BBSSL

امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے ایسے بیج تیار کرنے پر زیادہ توجہ دینے کے لیے کہا ہے، جس میں کم پانی اور کم کھادوں کی ضرورت ہو۔ جناب شاہ نے کل نئی دلّی میں **Bhartiya Beej Sahkari Samiti Limited (BBSSL)** کی ایک اہم جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنانے کی کوششیں کی جانی چاہئیں کہ چھوٹے کسان بھی زیادہ سے زیادہ فصلوں کی پیداوار کے ہدف کو حاصل کر سکیں اور اُن کی فصلوں کی پیداوار کی مدّت میں توسیع ہو۔

ایک اہم ہدایت کے طور پر جناب شاہ نے **BBSSL** کے لیے ایک امنگوں والا ہدف مقرر کیا۔ اس کے تحت **BBSSL** کو مالی برس **2025-26** تک **20** ہزار اضافی امدادِ باہمی کے اداروں کے ساتھ منسلک ہونا ہے۔ انہوں نے مزید

کہا کہ Bhartiya Beej Sahkari Samiti Limited کو سہکار سے سمرِدّھی اور کسانوں کو بااختیار بنانے کے نظریے کو حقیقت بنانے کے لیے اہم رول ادا کرنا ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**BANKS PROFITABILITY**

مالی سال 2023-24 میں بینکوں کے منافع میں لگاتار چھٹے سال اضافہ ہوا ہے اور بینکوں کے منجمد اثاثےNPA ، 13 سال میں سب سے کم سطح دو اعشاریہ سات فیصد پر آگئے ہیں۔ ریزرو بینک آف انڈیا کی طرف سے جاری ایک رپورٹ کے مطابق بھارتی بینکوں کی مالی حالت مستحکم رہی اور قرضوں اور ادائیگیوں میں اضافہ ہوا۔ اس کے مطابق بھارت کی مجموعی معاشی کارکردگی نے گھریلو بینکنگ اور غیر بینکنگ مالیاتی شعبوں کی کارکردگی اور صلاحیت میں اضافہ کیا ہے۔

اثاثوں کے معیار میں بہتری آئی ہے اور مجموعی طور پر منجمد اثاثوں کا فیصد مارچ 2024 کے آخر میں دو اعشاریہ سات فیصد اور ستمبر 2024 کے آخر میں دو اعشاریہ پانچ فیصد رہا، جو 13 سال میں سب سے کم سطح ہے۔ RBI کا کہنا ہے کہ بینکوں کی مالی حالت اطمینان بخش رہی۔×

**JAISHANKAR-US**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے، کل رات واشنگٹن ڈی سی میں امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت-امریکہ کلیدی شراکت داری کے فروغ سے متعلق مختلف موضوعات پر بات چیت کی اور موجودہ علاقائی اور عالمی واقعات پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر 24 دسمبر سے امریکہ کے 6 روزہ دورے پر ہیں۔ وزیر خارجہ اہم دو طرفہ علاقائی اور عالمی مسائل پر بات چیت کیلئے اپنے امریکی ہم منصب سے ملاقات کریں گے۔ اپنے دورے پر ڈاکٹر جے شنکر امریکہ میں بھارتی کونسل جنرل کی ایک کانفرنس کی صدارت بھی کریں گے۔×

**RASTRYA BAL PURASKAR**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کل نئی دلّی میں سات زمروں میں غیر معمولی حصولیابیوں کیلئے 17 بچوں کو پردھان منتری بال پُرسکار عطا کئے۔ 14 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو آرٹ، ثقافت، شجاعت، اختراع، سائنس اور ٹیکنالوجی، سماجی خدمات، کھیل کود اور ماحولیات کے شعبوں میں گراں قدر خدمات کے اعتراف میں یہ ایوارڈ

عطا کئے گئے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر **Annapurna devi** نے ایوارڈ یافتگان سے بات چیت کی۔ آ کاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں ایوارڈ حاصل کرنے والے بچوں نے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

**YEAR ENDER TOURISM**

آ کاشوانی کا خبروں کا شعبہ ختمِ سال کے جائزے کی خصوصی سیریز کے تحت سال **2024** کی جھلکیاں پیش کر رہا ہے۔ آج ہم وزارتِ سیاحت کے اہم اقدامات اور حصولیابیوں کا ایک جائزہ پیش کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C Sumit**

*وزارت سیاحت نے پورے ملک میں اس سال مختلف اقدامات کا آغاز کیا۔ غیر مقیم بھارتیوں کی حوصلہ افزائی کرنے کیلیے ''چلو انڈیا'' مہم شروع کی گئی، تاکہ وہ اپنے غیر مقیم دوستوں کو ملک کا سفر کرنے کی دعوت دیں۔ اس مہم کے تحت بھارت کا سفر کرنے کیلیے غیر ملکی سیاحوں کیلیے ایک لاکھ مفت ویزے جاری کئے گئے۔ ''دیکھو اپنا دیش'' نام سے ایک ملک گیر مہم شروع کی گئی، جس کے تحت لوگ ملک میں اپنے سب سے پسندیدہ مقامات کی نشاندہی کرسکتے ہیں۔ شاندار بھارت سے متعلق ایک* **Content Hub** *شروع کیا گیا، جس کے تحت سفر اور سیاحت سے متعلق عالمی صنعت کو شاندار بھارت کے موضوع پر مواد کا ایک متحد ذریعہ فراہم کیا گیا۔ وزارت نے اس سال سیاحت سے متعلق بہترین گاؤں کے مقابلے کے دوسرے ایڈیشن کا انعقاد کیا، جس کا مقصد بہترین سیاحتی مقامات والے گاؤں کی نشاندہی کرنا تھا۔* **23** *ریاستوں میں عالمی سطح کے* **Iconic Tourist Centers** *کو ترقی دینے کیلیے سرمایہ کاری کے تحت ریاستوں کو خصوصی امداد کیلیے تقریباً تین ہزار* **295** *کروڑ روپے کی مالیت کے* **40** *پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔ وزارت نے مہمان نوازی سے متعلق آٹھ سرکردہ اداروں اور ہوٹل مینجمنٹ کے* **21** *انسٹی ٹیوٹس کے ساتھ مختلف معاہدوں پر دستخط کئے۔ ان مفاہمت ناموں کا مقصد طلباء کو صنعت کے بہترین طریقوں سے آگاہی فراہم کرنے کیلیے پرائیویٹ ہوٹل* **Chains** *کی مہارت سے فائدہ اٹھانا ہے۔*

*دلّی سے سُمِت ساہا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......*

**GOVERNANCE CONCLUDE**

چوتھا سُشاسن سپتاہ **2024** اور 'پرشاسن گاؤں کی اور مہم' کل کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ انتظامی اصلاحات اور عوامی شکایات کے محکمے نے سوشاسن سپتاہ اور ملک گیر ''پرشاسن گاؤں کی اور مہم'' دونوں کو مربوط کیا، جو اس مہینے کی **19** سے

25 تاریخ تک جاری رہی۔ شہریوں پر مرکوز گورننس اور گھر تک خدمات کی فراہمی پر مرکوز یہ مہم بھارت کی سب سے بڑی مہم رہی۔ اپنے پیغام میں، وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ پرشاسن گاؤں کی اور صرف ایک نعرہ نہیں، بلکہ تبدیلی کی ایک کوشش ہے، جس کا مقصد دیہی برادریوں کے قریب موثر حکمرانی کو لانا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Pallavi

پرشاسن گاؤں کی اور مہم کے دوران، ضلع کلکٹروں نے خدمات کی بہتر فراہمی نیز عوامی شکایات کو دور کرنے کی خاطر تحصیل ہیڈ کوارٹرز اور پنچایت سمیتیوں میں خصوصی کیمپ اور تقریبات کا انعقاد کیا۔ اس مقصد کیلیے تشکیل کردہ ڈیش بورڈ کے ذریعے بروقت مرکزی سطح پر مہم کی نگرانی کی گئی۔ گڈ گورننس یعنی بہتر حکمرانی ہفتہ کے دوران بہتر حکمرانی پر ورکشاپ کا ایک سلسلہ منعقد کیا گیا، تاکہ اضلاع 100@ اور موجودہ ضلعی سطح کی اختراعات کیلیے ویژن مرتب کیا جا سکے۔ خدمات کی ڈیلیوری کے تحت 2 کروڑ 99 لاکھ سے زیادہ درخواستوں کو نمٹایا گیا اور ریاستی پورٹلز پر تقریباً 15 لاکھ عوامی شکایات کا ازالہ کیا گیا۔ 51 ہزار سے زیادہ کیمپ منعقد کیے گئے اور 272 ضلعی ویژن 100@ دستاویزات تیار کیے گئے۔ وزرائے اعلیٰ اور مرکزی وزراء نے ملک گیر پرشاسن گاؤں کی اور مہم میں حصہ لیا۔ تمام ریاستوں، ضلعوں، تحصیلوں اور پنچایتوں کے کیمپوں میں لوگوں نے بڑے تعداد میں جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا۔

پلّوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

## CRICKET-IND-AUS

ٹیسٹ کرکٹ میں، میلبرن کے مقام پر بارڈر-گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن آسٹریلیا کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 474 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلیا نے کل کے اپنے اسکور 6 وکٹ پر 311 رن سے آگے کھیلنا شروع کیا تھا۔ اس سے پہلے کھیل کے پہلے دن کے اختتام پر آسٹریلیا نے 6 وکٹ پر 311 رن بنائے تھے۔ Steven Smith نے سب سے زیادہ 140 رن بنائے۔

اپنا پہلا ٹیسٹ میچ کھیلتے ہوئے Sam Konstas نے شاندار 60 رن بنائے۔ عثمان خواجہ اور Marnus Labuschagne ہاف سنچری بنائی۔ بھارت کے لیے جسپریت بُمرا نے 4 وکٹ حاصل کیے۔ میلبرن میں بھارتی ٹیم سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے اپنے بازو پر کالی پٹّی لگا کر کھیل رہی ہے۔×

## SC-COLLEGIUM

سپریم کورٹ کالیجیم، جس کی صدارت چیف جسٹس سنجیو کھنہ کررہے ہیں، نے چار مختلف ہائی کورٹس کے ججوں کی تقرری کی

سفارش کی ہے۔ کالیجیم نے تین جوڈیشیل افسروں کی تقرری راجستھان ہائی کورٹ کے ججوں کے طور پر اور باہیے، الہ آباد اور اتراکھنڈ ہائی کورٹس کیلئے ایک ایک جج کی تقرری کی تجویز کو منظوری دی ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......آسیہ میمونہ

شکریہ - کونین حیدر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے سابق وزیرِاعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے انتقال کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: سابق وزیرِاعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کا 92 سال کی عمر میں انتقال۔ وزیرِاعظم نریندر مودی سمیت کئی لیڈروں نے منموہن سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

ویر بال دِوس سے متعلق خبر کو اردو اخباروں نے دوسری بڑی خبر کی طور پر پیش کرتے ہوئے مختلف سرخیاں لگائی ہیں۔ راشٹریہ سہارا نے وزیرِاعظم کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ملک کی ترقی میں نوجوانوں کی توانائی نے اہم رول ادا کیا ہے۔ اسی خبر کو ملاپ نے صفحہ اول پر نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانا حکومت کی اولین ترجیح، وزیرِاعظم مودی کا ویربال دِوس تقریب سے خطاب۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، 17 بچوں کو غیر معمولی کامیابیوں پر پردھان منتری بال پُرسکار عطا کئے۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، پرتاپ اور ملاپ نے اپنے صفحہ اول پر پیش کیا ہے۔ روزنامہ ملاپ کی ایک اور اہم سرخی ہے: دلّی سمیت ملک بھر میں ٹھنڈ کا قہر- پہاڑی علاقوں میں برفباری، میدانی علاقوں ی بارش اور تیز ہواؤں سے عوامی زندگی متاثر، ہماچل میں 157 سڑکیں بند۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے موزمبیق کی ایک جیل ہنگامے کے نتیجے میں 23 افراد کے ہلاک اور 15 کے زخمی ہونے کی خبر کو اپنے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کا نئی دلّی میں انتقال ہو گیا ہے۔

-2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اُن کے انتقال پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

3- حکومت نے 7 دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اُن کی آخری رسوم پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔

4- امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے ایسے بیج تیار کرنے پر زور دیا ہے، جس میں پانی اور کھادوں کی کم ضرورت ہو۔

5- بھارتی ریزرو بینک نے کہا ہے کہ بھارتی بینکوں کے منافع میں لگاتار چھٹے سال اضافہ ہوا ہے۔ منجمد اثاثے NPA کی مقدار گزشتہ 13 سال میں سب سے کم ہے۔

6- اور کرکٹ میں، میلبرن کے مقام پر بارڈر-گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن آسٹریلیا کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 474 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-------------------------------------